# سوالات برائے تحریری امتحان

## دسویں جماعت

## POOL OF QUESTIONS URDU
## STD X

| نمبر | سوالات | نشان/وقت |
| --- | --- | --- |

### نظم

نصابی تشریحات:

❖ نظم کا مفہوم اپنے الفاظ میں پیش کرنا۔

یونٹ I

| | | |
| --- | --- | --- |
| ۱) | روٹی جب آئی پیٹ میں سوقند گھل گئے<br>گلزار پھولے آنکھوں میں اور عیش تل گئے<br>اس شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے۔ | 3(۵منٹ) |
| ۲) | ہم تو نہ چاند سمجھیں نہ سورج ہیں جانتے<br>بابا ہمیں تو یہ نظر آتی ہیں روٹیاں<br>اس شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے۔ | 3(۵منٹ) |
| ۳) | یہ کشف یہ کمال دکھاتی ہیں روٹیاں<br>اس مصرعے کی وضاحت کیجیے۔ | 3(۵منٹ) |
| ۴) | فقیر کو چاند اور سورج روٹیاں نظر آتی ہیں۔ کیوں؟ | 2(۴منٹ) |
| ۵) | روٹی کے لیے آدمی کیا کیا کرتے ہیں؟ چار جملے لکھیے۔ | 3(۵منٹ) |

یونٹ II

۶) نیچے دیے گئے شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے۔ 3(۵منٹ)

عہد جوانی رو رو کاٹا پیری میں لیں آنکھیں موند

یعنی رات بہت تھے جاگے صبح ہوئی آرام کیا

۷) الٹی ہو گئیں سب تدبیریں کچھ نہ دوا نے کام کیا

دیکھا اس بیماریِ دل نے آخر کام تمام کیا

یا

اف یہ ناداری میرے سینے سے اٹھتا ہے دھواں

آہ اے افلاس کے مارے ہوئے ہندوستان

اوپر دیے گئے اشعار سے کسی ایک شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے۔ 3(۵منٹ)

۸) ''چاہتے ہیں سو آپ کریں ہیں ہم کو عبث بدنام کیا''

میرؔ اس طرح کہنے پر کیوں مجبور ہیں؟ وضاحت کیجیے۔ 3(۵منٹ)

۹) 'جو بوئے گا وہ کاٹے گا' اس کا کیا مطلب ہے؟ 2(۳منٹ)

نصابی تشریحات:

- نظمیں، غزلیں، گیت وغیرہ سن کر سمجھنا اور لطف اندوز ہونا۔

یونٹ II

۱۰) میرؔ ایک غزل گو شاعر ہیں اور دو غزل گو شاعروں کے نام لکھیے۔ 1(۲منٹ)

۱۱) پسندیدہ غزل کا ایک شعر لکھیے۔ 2(۳منٹ)

۱۲) دو غزل گلوکاروں کے نام لکھیے۔ 1(۲منٹ)

۱۳) 'محنت مزدوری' پر لکھی گئی نظم کا ایک شعر لکھیے۔ 2(۳منٹ)

## گفتگو :

نصابی تشریحات :

❖ موقع و محل کی مناسبت اور مؤثر طریقے سے گفتگو تیار کر کے پیش کرنا۔

### یونٹ I

۱۴) اڈّو نے بیگم صاحب کے سامنے روپیہ رکھ دیا۔ اس نے بیگم صاحب سے کیا کیا بتایا ہوگا؟ 4(٦ منٹ)

۱۵) ''اڈّو تو یہاں مت آیا کر میری ساس طعنے دیتی ہے کہ ماموں کیا لایا ہے۔'' آیا کی بات سن کر اڈّو نے کیا جواب دیا ہوگا؟ 4(٦ منٹ)

۱٦) اڈّو نے ٹھیلے والے سے کہا ''نہیں چاہیے مجھے موز'' اڈّو اور ٹھیلے والے کی گفتگو تیار کیجیے۔ 4(٦ منٹ)

### یونٹ II

۱۷) منجولا کی کہانی سننے کے بعد قاسم اور سکمار کی درمیان کیا کیا گفتگو ہوئی ہوگی؟ دونوں کی گفتگو تیار کیجیے۔ 4(٦ منٹ)

قاسم : ............................

سکمار : ...........................

قاسم : ............................

سکمار : ...........................

## انشائیہ :

نصابی تشریحات:

- مختلف موضوعات کے انشائیہ تیار کر کے پیش کرنا۔

یونٹ I

۱۸) اڈّو جیسے غریب اور بے بس لوگوں کی حمایت کرنا سماج کا فرض ہے۔ کیوں؟ 3(۵منٹ)

۱۹) بڑے صاحب نے پرس نکالا اور چونّی ڈھونڈی۔ چونی نہ ملی تو پرس بند کر کے
اسے جیب میں رکھا۔ مایوسی کی حالت میں اڈّو نے کیا کیا سوچا ہوگا؟ 3(۵منٹ)

۲۰) روپیہ ہاتھ میں آتے ہی اڈّو کیوں اندیشوں میں گِھر گیا؟ 3(۵منٹ)

۲۱) اڈّو فٹ پاتھ پر بیٹھ کر غور سے روپیے کو دیکھنے لگا۔ خوف اور خوشی کے مارے
وہ کانپنے لگا۔ اس حالت میں اڈّو نے کیا کیا سوچا ہوگا؟ 3(۵منٹ)

یونٹ II

۲۲) ''ہم تو بیوپاری ہیں۔ جن داموں میں خریدتے ہیں ان پر مناسب منافع لگا کر
بیچتے ہیں۔'' بچّو! قاسم کے اس خیال پر آپ کی رائے کیا ہے؟ 3(۵منٹ)

۲۳) جہیز سے ہونے والے مسائل دن بدن بڑھ رہے ہیں۔ جہیز کے خلاف ہم کیا کیا
کر سکتے ہیں؟ چار جملے لکھیے۔ 3(۵منٹ)

۲۴) مزدوروں کی محنت کی وجہ سے یہ دنیا قائم ہے۔ وضاحت کیجیے۔
(کم از کم چھ جملے) 3(۵منٹ)

۲۵) مزدوروں کو سماج میں عزّت ملنی چاہیے۔ کیوں؟ 3(۵منٹ)

۲۶) بچّو! اگر دنیا میں لوگ کاشت کاری نہ کریں تو ہمارا کیا حال ہوگا؟ تین جملے لکھیے۔ 3(۵منٹ)

## کہانی :

نصابی تشریحات :

- مختلف موضوعات کی کہانی تیار کر کے پیش کرنا۔

یونٹ I

۲۷) میل اور پسینے میں بھیگا ہوا روپیہ اڈّو نے بیگم صاحبہ کے سامنے رکھ دیا۔
پھر کیا ہوا ہوگا؟ اس کہانی کو آگے بڑھائیے۔ 4(۷منٹ)

۲۸) سکمار کے گھر کے حالات بیان کرتے ہوئے اس کی کہانی مختصر طور پر لکھیے۔ 4(۷منٹ)

یونٹ II

۲۹) بچّو! منجولا اپنے خاوند کے مرجانے کے بعد کس طرح کی زندگی گزاری ہوگی؟
منجولا کی کہانی کو آگے بڑھائیے۔ 4(۷منٹ)

نصابی تشریحات :

- کہانیاں سن کے اور پڑھ کر سمجھنا۔

یونٹ I

۳۰) جیلانی بانو ایک افسانہ نگار ہے۔ دو مشہور افسانہ نگاروں کے نام لکھیے۔ 1(۳منٹ)

خط :

نصابی تشریحات :

❖ مختلف قسم کے خطوط تیار کرنا۔

یونٹ I

۳۱) راموکو اپنے پتا جی کا خط مل گیا۔ خط پڑھ کر وہ بہت افسوس ہوا اور پتا جی کے نام خط
لکھنے بیٹھ گیا۔ جوابی خط لکھنے میں راموکی مدد کیجیے۔ 4(۷منٹ)

یونٹ II

۳۲) منجولا نے ہرجانے کی درخواست دی۔ لیکن وہ نامنظور ہوئی۔ منجولا کی پریشانیوں کو
یاد دلاتے ہوئے مل مالک کے نام ایک خط لکھیے۔ 4(۷منٹ)

نصابی تشریحات :

❖ مختلف خطوط پڑھ کر مفہوم سمجھنا۔

یونٹ I

۳۳) دو مشہور خطوط نگار ادیبوں کے نام لکھیے۔ 1(۲منٹ)

بیانیہ :

نصابی تشریحات :

- پسندیدہ موضوع پر بیانیہ تیار کر کے پیش کرنا۔

یونٹ I

۳۴) راموں نے اڈّو کو تسلّی دی کہ فکر مت کرو۔ دنیا میں ہر کسی کو پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔
بچّو! راموں نے اور کن کن الفاظ میں اڈّو کو تسلّی دی ہو گی؟ 3(۵منٹ)

۳۵) کیا تو بنگلے سے کچھ چرا کر بھاگا ہے آج؟ پڑوس کی ماما کا سوال سن کر اڈّو کی
آنکھوں سے آنسو بہنے لگی۔ کیوں؟ 3(۵منٹ)

۳۶) راموں کے گھر کے حالات کیا ہیں؟ چار جملوں میں جواب لکھیے۔ 3(۵منٹ)

۳۷) میں جہیز دیکر داماد خریدنا نہیں چاہتا۔ راموں کے پتا جی ایسا کیوں کہتا ہے؟ 3(۵منٹ)

۳۸) ضروری چیزوں کی قیمتیں روز بروز بڑھتی جارہی ہیں۔ان کی وجوہات بیان کیجیے؟
تین جملوں میں لکھیے۔ 3(٦منٹ)

۳۹) اڈّو احمد صاحب کے گھر کس حالت میں پہنچا؟ 3(۵منٹ)

۴۰) اڈّو کی زندگی میں کیا کیا پریشانیاں ہیں؟ چار جملوں میں جواب لکھیے۔ 3(٦منٹ)

۴۱) اڈّو مرے مرے قدموں سے صاحب کے بنگلے کے پھاٹک میں داخل ہوا۔
سارے لوگ وہاں جمع ہو گئے تھے۔اس وقت اڈّو کے دل میں کیا کیا خیالات
ابھرے ہوئے ہوں گے؟ 3(۵منٹ)

یونٹ II

۴۲) ''پٹہ کو تبدیل کرنے کے لیے روپیہ بھی خرچ ہوتا ہے۔ مزدور تو کسی وقت بھی تبدیل کیا جا سکتا ہے۔'' مل مالک کے اس خیال پر آپ کی رائے کیا ہے؟ 3(۵منٹ)

۴۳) منجولا کی ساڑھی اسے دن رات کاٹ کھانے کو دوڑتی ہے۔ کیوں؟ 3(۵منٹ)

یونٹ I

۴۴) قاسم نے اناج کی قیمت بتائی تو سکمار حیرت زدہ رہ گیا۔ کیوں؟ 2(۳منٹ)

۴۵) اڈّو نے ٹھیلے والے سے موز خریدنے کے بعد موز واپس دے دیا۔ کیوں 2(۳منٹ)

۴۶) گیٹ کے پاس ایک روپیہ کا کرارا نوٹ پڑا ہوا دیکھا تو اڈّو نے کیا کیا سوچا ہوگا؟ 2(۳منٹ)

۴۷) جھاڑو دیتے وقت بیگم صاحبہ کے پاندان سے گری ہوئی اٹھنی اور چونی اڈّو اس طرح اٹھاتا جیسے جلتا ہوا انگارا چھو لیا ہو۔ اڈّو ایسا کیوں سمجھتا تھا؟ 2(۳منٹ)

۴۸) ٹھیلے والے نے اڈّو کو ایک اٹھنی اور چونی واپس کی تو اڈّو کا دل دھک سے ہوگا۔ کیوں؟ 2(۳منٹ)

۴۹) اڈّو ایک روپیہ آپا کی منّی کو دینا چاہتا تھا۔ کیوں؟ 2(۳منٹ)

۵۰) ایک بار اڈّو آپا کے گھر گیا تو آپا اسے دیکھ کر خوش نہ ہوئی۔ کیوں؟ 2(۳منٹ)

۵۱) ''نہیں چاہیے مجھے موز'' اڈّو نے ٹھیلے والے سے ایسا کیوں کہا؟ 2(۳منٹ)

۵۲) محنت مزدوری کی اہمیت پر دو جملے لکھیے۔ 2(۳منٹ)

یونٹ II

۵۳) منجولا اپنے دلہن کی ساڑھی پہننے پر مجبور ہے۔ کیوں؟ 2(۴منٹ)

۵۴) ''اڈّو تو یہاں مت آیا کر۔میری ساس طعنے دیتی ہے کہ ماموں کیا لایا ہے۔''
آپا کا یہ جملہ سن کر اڈّو کے دل میں کیا کیا خیالات ابھر آئے ہوں گے؟ 3(۵منٹ)

## نعرہ :

نصابی تشریحات :

- مختلف نعرے تیار کر کے پیش کرنا۔

یونٹ II

۵۵) منجولا کا خاوند چرخی کے گھومتے ہوئے پٹے کی لپیٹ میں آ کے مارا گیا تو منجولا نے ہرجانے کی درخواست دی۔لیکن وہ نامنظور ہوئی۔ اس کے خلاف دوسرے مزدوروں نے احتجاجی جلوس نکالا تھا۔جلسے میں لوگوں نے کیا کیا نعرے لگائے ہوں گے؟
چار جملے لکھیے۔ 3(۵منٹ)